novelsclubb@gmail
www.novelsclubb.com
IG: @novelsclubb


Poetry
Novelette
Afsana
Column
Novel
NOVELSCLUBB
It's clubb of quality content!
Owner : Laiba Syed
اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں، مگر آپ کے پاس کوئی ذریعہ نہیں ہے۔۔تو ہم سے رابطہ کریں۔
ہماری ٹیم آپ کو قدم قدم پر رہنمائی فراہم کرے گی اور آپ کی لکھی ہوئی تحریر دنیا تک لائے گی۔
آپ اپنا لکھا ہوا ناول، افسانہ، شاعری، ناولٹ، کالم یا آرٹیکل پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو اپنا مسودہ ہمیں
ورڈ فائل
ٹیکسٹ فارم
میں دئے گئے ای-میل پر میل کریں.
novelsclubb@gmail.com
ہم سے رابطہ کر سکتے ہیں:
NOVELSCLUBB
NOVELSCLUBB
03257121842

گمشدہ سکون

از قلم

عمارہ احمد

Clubb of Quality Content

ناول "گمشدہ سکون" کے تمام جملہ حق لکھاری "عمارہ احمد" کے نام محفوظ ہیں۔ کہانی کا کوئی بھی حصہ کسی بھی
صورت میں کسی دوسرے پلیٹ فارم یا سوشل میڈیا پر پوسٹ کرنے سے پہلے لکھاری کی اجازت درکار ہو
گی۔ "ناولز کلب" کاپی ڈی ایف بغیر اجازت پوسٹ کرنا منع ہے، بغیر اجازت کہانی/پی ڈی ایف کا استعمال
کرنے والوں پر سخت کاروائی کی جاسکتی ہے۔ اس کہانی اور اس میں موجود کردار محض تصوراتی ہیں۔ کسی بھی
حقیقی کہانی یا انسان سے ان کا کوئی واسطہ نہیں ہے۔ کسی بھی طرح کی مشابہت کو اتفاق سمجھا جائے۔

نومبر کے اسٹارٹنگ کا مہینہ چل رہا تھا۔۔ ٹھنڈ ہونے کی وجہ سے سورج پہلے ہی ڈوب چُکا تھا سورج کے ڈوبنے کے وجہ سے کچھ بادل گُلابی اور اورنج رنگ کے رنگ میں رنگ گئے تھے۔۔ پورا دہلی لائٹ سے جگمگا رہا تھا۔۔

ہم لوگ ایک جگہ پر جائیں تو ایسا لگ رہا تھا کی ساری امیر خاندان کے لوگ یہاں پر موجود ہیں۔۔ تب ہی باہر ایک گاڑی آکر روکئے اور گاڑی کے روکتے ہی گاڑیوں کے فوج بھی آکر روکئے۔۔

گاڑی کے پیچھے والے گاڑی سے ایک گارڈ اُتر کر جلدی سے دروازہ کھولا اور گاڑی کا دروازہ کھلنے پر بلک شوز والے پیر باہر آئے۔۔

پھر ایک ہاتھ دروازے پر رکھا دوسرے ہی لمحے ایک آدمی تھری پس شوٹ میں گاڑی سے باہر نکلا۔۔ وائٹ شرٹ پر بلیک کوٹ اور بلیک پینٹ پہنے شرٹ کے اوپر کے دو بٹن کھولے تھے گلے میں ایک سلور چین پہنا ہوا تھا۔۔

ارشن بہت ہی ہینڈسم لگ رہا تھا ارشن اٹھائیس سال کا تھا اور اوپر سے چھ فیٹ سے نکلتا قد باڈی بلڈر وجود گورا رنگ کالے سلکی بال جو سلیقے سے سیٹ کریں گئے تھے پر سلکی ہونے کے وجہ سے پیشانی پر کچھ بال گری ہوئے تھے اتشی گلابی لب، بیرڈ اور آنکھوں کا رنگ جیل جیسا نیلا تھا کلائی میں بلیک واچ اِس کو اور بھی ہینڈسم بنا رہا تھا۔۔

ارشن کے باہر نکلتے ہی سب میڈیا والے اپنا کیمرا اِس کے طرف کر گئے اور رپوٹر لوگ اسے سوال پوچھنے کے لیے اِس کے پاس آئے۔۔ لیکن تب ہی اِس کے گارڈز کے فوج نے اِس کو کاور کیا اور اندر جانے کا راستہ بنانے لگے۔۔

"ارشن سر آپ کو آج ایوارڈ ملنے والا ہے آپ کچھ بتائے آپ کیسا فیل کر رہے ہے۔۔" ایک رپوٹر نے ارشن سے سوال کیا۔۔ اِس رپوٹر کے سوال کے بعد اور بھی رپوٹر نے سوال کیا۔۔ پر وہ اِن سب کو کچھ بھی نہیں جواب دیتا اندر چلا گیا۔۔ جب وہ اندر آیا تو سب لوگ اِس کو دیکھنے لگے اِس کو کون نہیں جانتا تھا اِس کو تو سب ہی جانتے تھے وہ دو سال سے بزنس من میں نمبر ون آ رہا تھا اور یہاں پر موجود سب لڑکی تو اِس پر فیدا ہو گئی تھی ہوتی بھی کیوں نہیں وہ تھا ہی اتنا ہینڈسم۔۔

♡♡♡♡♡♡♡♡

آب ایک اور گاڑی آ کر رو کئے۔۔

"میم۔۔"ایک بائیس سال کی خوبصورت لڑکی پیچھے بیٹھی آپنی ہی ہم عمر لڑکی کو کہا۔۔سارہ کی انکھوں کا رنگ بلیک تھا گوری رنگت تیکھی نین گلابی ہوٹ اور بلیک بال جو کندھے تک آتے تھے اور اِس نے بلیو رنگ کا ٹاپ اور وائٹ اسکرٹ جو ٹخنہ تک آتی تھی لونگ کوٹ پہنے ہوئی تھی۔۔

"سارہ یہاں سے نہیں پیچھے والے سائڈ پر روکو۔۔"اِس کے گلابی ہونٹ بولنی کے وجہ سے ہل رہی تھی۔۔

"اوکے میم—"تو ڈرائیور نے گاڑی سٹارٹ کر دیا۔۔اِس کو نہیں پسند تھا گارڈز کو آپنی ساتھ لیے کر ہر جگہ جانا۔۔گاڑی کے کھڑکی کا سیسہ بلیک ہونے کے وجہ سے کسے کو نہیں پتہ چلا کے اِس گاڑی میں کون تھا۔۔سارہ اِس کی پرسنل سیکرٹری تھی اور ساتھ میں اِس کی دوست بھی تھی۔۔پیچھے والے سائڈ پر گاڑی روکا تو سارہ جلدی سے باہر نکلی اور گاڑی کا دروازہ کھلا۔۔ تو وہ باہر نِکلی اور اندر چلی گئی وہ جب اندر گیٹ پر آئی تو اِس نے اپنا کوٹ اُتر کر سارہ کو دیا۔۔

سب نے اِس کو دیکھا۔۔ماہ نور نے بلیک رنگ کا لونگ گاؤن جو زمین تک آ رہی تھی گاؤن کے آستین کندھے کے نیچے تک ہی آ رہی تھی تو اِس نے بلیک رنگ کا نیٹ کا گلوس پہنا ہوا تھا جو اِس بکے کھولے ہوئی ہاتھ کو کاور کر رہی تھی۔۔پیر میں بلیک ہیل سینڈل اور گلے میں ایک چین جس میں ایک لاکٹ تھا جس پر ماہی لکھا ہوا تھا اور ہاتھ میں بھی ایک بریسلیٹ۔۔ماہ نور کے آنکھوں کا رنگ براؤن دودھیا رنگت تیکھی نین نا قوش چہرے کے دائیں آنکھ کے طرف نیچے ایک چوٹا سا تیل اور گلابی ہوٹ کمر سے نیچے تک اس کے ریشمی براؤن بال جو ابھی پوری کھلے ہوئی تھی اور اِس کی کمر پر تو کچھ چھوٹی بال اِس کے چہرے پر آ رہی تھی۔۔ماہ نور بائیس سال کی ہے اور ماہ نور نے میک آپ کے نام پر صرف پنک لپسٹک لگیا تھا اور وہ اتنے حسین لگ رہی تھی۔۔

سب لوگ اِس کو دیکھ کر آپنے نظر ہٹانا بھول گئے اور وہ سب کے نظری خود پر محسوس کر کی بھی بے نیازی سے ایک سائڈ جا کر کھڑی ہو گئی اور سارہ بھی ساتھ میں کھڑی ہو گئی۔۔

♡♡♡♡♡♡♡♡♡

Clubb of Quality Content

ارشن جب باتھ روم سے باہر آتا ہے اور کوریڈور کے طرف آتا ہے۔۔ تو ایک لڑکی اِس سے جان بوجھ کر ٹکرا کر گرنی لگتی ہے تو وہ ارشن کے طرف ہاتھ بڑھتی ہے کی وہ اِس کو پکڑ کر خود کو بچائی۔۔ ارشن اُس کا ہاتھ خود کے طرف آتا دیکھ کر دوسری سائڈ ہو جاتا ہے اور وہ لڑکی درم سے گیر جاتی ہے۔۔ وہاں پر جتنے بھی لوگ تھے سب اِن دونوں کو دیکھنے لگتے ہیں۔۔ عطیہ تو سب کی نظری خود پر محسوس کر کی جلدی سے اُٹھتی ہے۔۔

"کہیں اور آپنی دو کوری کے طریقے یوز کروں کیونکہ یہ سب طریقہ ارشن عمران شاہ پر نہیں چلتا ہے۔۔" ارشن اِس کو خود سے اُٹھتا دیکھ کر کہا۔۔

"ایکسیوز می میس راستہ دی۔۔" ارشن بول کر سائڈ سے نکل گیا۔۔

"میں تمہیں نہیں چھوڑوں گئی اکروانشان تم نے عطیہ مراد احمد سے پنگا لیا ہے۔۔" عطیہ نے غصے سے اِس کو جاتا دیکھ کر کہتی۔۔

"کون تھا یہ جس نے عطیہ مراد احمد کو گرنی دیا۔۔"

"ارشن عمران شاہ۔۔"

ناولز کلب
Clubb of Quality Content

"شاہ انڈسٹری کا سی ای او۔۔۔ارشن عمران شاہ نمبر ون بزنس من۔۔آپنے خاندان کا اکلوتا بیٹا۔۔۔ان کے بابا میڈل کلاس فیملی سے بیلونگ کرتے ہیں، وہ یہاں تک خود کے محنت سے آیا ہے۔۔"

♡♡♡♡♡♡♡♡

ارشن جو باتھ رُوم میں چلا گیا تھا وہ ابھی واپس آیا۔۔"بوس ابھی ایک لڑکی آئی تھی وہ اتنی حسین لگ رہی تھی کی میں آپ کو بتا نہیں سکتا ہوں۔۔" برہان نے ارشن سے کہا۔۔۔

برہان بھی بلیک رنگ کے تیری پس شوٹ میں ملبوس تھا۔۔اِس کے انکھوں کا رنگ کلا تھا اتشی لب بریڈ۔۔ برہان ارشن کا پرسنل سیکرٹری تھا اور ساتھ میں اِس کا دوست بھی تھا۔۔

"تم کو تو سب ہی لڑکی پیاری لگتی ہیں۔۔"ارشن نے اِس کو دیکھ کر کہا۔۔

"نہیں بوس میں آپ کو دیکھتا ہوں وہ یہیں پر ہو گئی میں اِس کو نہیں جانتا ہوں پڑ آپ بھی دیکھیئے گئے نہ تو کہیں گئے۔۔" برہان نے بول کر آپنے کلی انکھوں کو سب طرف گھمایا پر اِس کو وہ نہیں ملی۔۔

"کیا ہوا نہیں ملی۔۔"ارشن نے برہان کو سب طرف دیکھتا دیکھ کر پوچھا۔۔

"بوس ایسا لگ رہا تھا کے آسمان سے کوئی پڑی اُتر کر یہاں آئی ہے ,پر پتہ نہیں کہاں چلی گئی۔۔"

"لگتا ہیں اُس پڑی کو آسمان یہ زمین کھا گیا۔۔"ارشن نے اِس پر طنز کیا اور مسکرایا اِس کے مسکرانے پر اِس کے دونوں گالو میں ڈمپل ہوا اور وہ مسکراتے ہوئے بہت ہینڈسم لگ رہا تھا۔۔

♡♡♡♡♡♡♡♡♡

ماہ نور ایک سائڈ پر کھڑی تھی اور سب کو دیکھ رہی تھی۔۔تب ہی ایک لڑکا اِس کے پاس آیا۔۔

"کسے کے کمپنی میں پرٹ ٹائم جوب کر رہی ہو۔۔یہ میرے کمپنی کا کاڈ ہے۔۔"اِس نے اِس کو کاڈ دیا تو اِس نے لیے لیا۔۔

"یہاں لوگ جوب کے لئے لائن لگتے ہیں آگر تم اُو گئی تو لائن میں نہیں لگنا ہو گا اور بہت اچھا جوب دو گا۔۔"

"پر کیوں۔۔"ماہ نور نے کاڈ دیکھ کر اِس سے پوچھا۔۔"کیونکہ میں خوبصورت لڑکی کو انتظار نہیں کرواتا۔۔"

We will announce the hotal management CEO of the year..

Sea hotal of CEO mah noor khan..

Please come on the stage..

"تھنک یو پر مجھے آپ کے دو کوری کے جوب کی ضرورت نہیں۔۔"ماہ نور بول کر اسٹیج کی طرف بڑھئی۔۔تو سب نے اِس کو حیرانگی سے دیکھا کیونکہ اِن لوگوں نے کبھی بھی سیے ہوٹل کی سی ای او کو نہیں دیکھا تھا۔۔

Have achieved success at such a young age..

"کیا یہ ہے۔۔"برہان نے حیرت سے کہا—

"کیا ہوا کون ہے یہ۔۔"ارشن نے سب کو حیران دیکھ کر کہا۔۔

"بوس آپ اِس کو نہیں جانتے۔۔"

"نہیں، کون ہے۔۔"

"یہ وہی ہے جس لڑکی کی باری میں ابھی بول رہا تھا اور سیے ہوٹل جو نمبر ون پر ہے اُس کی سی ای او، جس کا پوری سوشل میڈیا پر بات ہو رہا ہے ماہ نور خان۔۔

اِس کے بابا آصف خان ایک بڑے بزنس من۔۔دو بھائیوں کے اکلوتے بہن۔۔اِس کا دونوں بھائی اِس پر جان ورتا ہیں۔۔"

"سیدھا سیدھا بولو نہ امیر خاندان کی اکلوتی بیٹی۔۔"ارشن نے برہان کو بیچ میں روک کر کہا—

"نہیں بوس اِس کا اِس کے باپ سے نہیں بنتا ہے اور وہ آپنے فیملی کی ساتھ نہیں رہتی ہیں۔۔"

ماہ نور اسٹیج پر گئی اور مائک کی پاس جاکر روک گئی۔۔

Congregation CEO mah noor khan..

ناولز کلب
Clubb of Quality Content

Show publisher given ceo of the year award to mah noor khan..

تو ماہ نور نے ٹرافی لیا اور مائک کی پاس کھڑی ہو گئی۔۔

Thank you..

اِس کے بعد اِس نے بہت کچھ بولا تھا۔۔

میڈیا اور رپورٹس نے ماہ نور کے تصویر اور ویڈیو بنانے لگے کیونکہ ماہ نور کو کسے نے بھی نہیں دیکھا۔۔

"ویسے خوبصورت تو ہے۔۔" ارشن نے ماہ نور کو دیکھ کر دیری سے کہا۔۔

"کیا کہا بوس آپنے۔۔" برہان نے اِس کو دیری سے بڑبڑاتے دیکھا کر پوچھا۔۔

"کچھ نہیں کام کروں۔۔" ارشن نے غصے سے دیکھ کر کہا تو برہان پھر سے اسٹیج پر دیکھنے لگا۔۔

ماہ نور بول کر اسٹیج سے آئی تو سارہ کو ٹرافی دیا۔۔

"ابھی چلنا ہے کیا۔۔" سارہ نے ٹرافی لئے کر پوچھا۔۔

"ہھم۔۔"ماہ نور نے ایک لفظی جواب دیا۔۔

We will announce the company CEO of the year..

Shah industry of the Ceo arshan imran Shah..

Please come on the stage..

اِدھر ارشن اسٹیج کے طرف جا رہا تھا اور اُدھر ماہ نور باہر نکل رہی تھی۔۔ماہ نور نے پیچھے موڑ کر دیکھا تو ایک نوجوان مرد اسٹیج کے طرف جا رہا تھا پھر وہ گیٹ سے نکل گئی۔۔

Coming at number one for two consecutive years..

Congregation CEO arshan imran Shah..

Show publisher given ceo of the year award to arshan imran Shah..

تو ارشن نے ٹرافی لیا اور مائک کے پاس کھڑا ہو گیا۔۔

ناول کلب
Clubb of Quality Content

Thank you sooo much..

اِس کے بعد ارشن نے بھی کچھ بولا۔۔

ارشن بھی کچھ دیر وہاں روکا پھر وہ بھی آپنے گھر کے لئے نکل گیا۔۔ پارٹی تو رات تک چلے تھی۔۔

♡♡♡♡♡♡♡♡

ایک نئی صبح کا آغاز ہوا تھا۔۔ایک مینشن کے اندر جائیں تو نوکر اپنے اپنے کام میں مصروف تھے۔ پھر سیڑھیوں سے اوپر ایک کمرے میں جائیں تو ایک نوجوان مرد ابھی جاگ رہا ہے، اور وہ اور کوئی نہیں ارشن تھا۔۔

اس نے اپنا موبائل کھولا تو ہر جگہ ماہ نور کا ہی تذکرہ ہو رہا تھا۔۔اس کا بھی ذکر تھا، لیکن ماہ نور کا کچھ الگ مقام تھا۔اس نے ماہ نور کی ایک ویڈیو چلائی جس میں وہ اسٹیج پر جا رہی تھی اور ٹرافی لیے ہوئے تھی، پھر مائیک پر بول رہی تھی۔۔

اس نے کمنٹ سیکشن کھولا، جس میں لکھا ہوا تھا کہ وہ کتنی خوبصورت ہے اور بھی بہت کچھ۔ ماہ نور کو ایک ہیش ٹیگ ملا تھا:

#SuccessfulBeautyQueen

۔اس نے موبائل رکھ دیا اور شاور لینے چلا گیا۔۔

♡♡♡♡♡♡♡♡

باہر سے ایک چھوٹا مگر بہت ہی خوبصورت گھر تھا۔گھر کے اندر پوری جگہ کو بہت اچھے طریقے سے سجایا گیا تھا۔پھر ایک کمرے میں جائیں تو ایک وجود سب کچھ بھلا کر سو رہا تھا۔ تبھی اس کا فون بجتا ہے تو وہ کمبل سے ہاتھ نکال کر فون اٹھاتی ہے اور بغیر دیکھے کال ریسیو کر لیتی ہے۔۔

"کون بول رہا ہے؟"

"میں بول رہا ہوں۔"

"میں کون؟ اللہ نے آپ کو نام تو دیا ہو گا نہ؟ کیا 'میں' ہی آپ کا نام ہے؟" ماہ نور نے نیند میں ہی کہا۔۔وہ بہت غصے میں تھی کہ اتنی صبح صبح کسی نے کال کر کے اس کی نیند خراب کر دی تھی۔۔

"تمہارا باپ بات کر رہا ہوں۔"

"میرا کوئی باپ نہیں ہے۔" ماہ نور نے نیند میں ہی کہا، کیونکہ وہ جانتی تھی کہ اس کا ابو تو کال نہیں کر سکتا۔۔

"ماہی، نیند سے اٹھو!"

اب کی بار کرخت اور غصے سے بھرے لہجے میں کہا گیا تھا۔ ماہ نور کی نیند ایسے اڑی کہ وہ بیڈ سے اٹھ کر بیٹھ گئی۔

"کیسے یاد کیا اتنے دن بعد؟" ماہ نور نے خود کو سنبھال کر کہا۔

"آج تمہاری امی کی برسی ہے، تو سب چاہتے ہیں کہ تم بھی آؤ۔"

"پر میں نہیں آسکتی۔" ماہ نور نے آصف خان کی کوئی بات سنے بغیر "اور کچھ کہنا ہے؟" بول کر کال منقطع کر دی۔ "مِس یو امی، کاش آپ زندہ ہوتیں..." ماہ نور نے کہا تو اس کی آنکھوں سے آنسو گرنے لگے۔ اس نے فوراً اپنے آنسو صاف کیے اور ایک لمبی سانس خارج کی۔

"لگتا ہے آج پورا دن خراب ہی گزرے گا..." ماہ نور نے خود سے کہا اور بیڈ سے اٹھ کر باتھ روم میں چلی گئی۔۔

♡♡♡♡♡♡♡♡

خان مینشن میں جائیں تو نوکر اپنے اپنے کام میں مصروف تھے۔ڈائننگ روم میں ایک بڑا سا ڈائننگ ٹیبل تھا، لیکن اس پر صرف تین مرد بیٹھ کر ناشتہ کر رہے تھے۔۔

پہلے خان مینشن اتنا خاموش نہیں ہوا کرتا تھا، لیکن اب تو جیسے خان مینشن کو نظر لگ گئی تھی۔۔آصف خان نے اپنا ناشتہ ختم کر کے اپنے دونوں بیٹوں کو دیکھا۔۔

"میں نے ماہی کو کال کی تھی، لیکن اس نے صاف انکار کر دیا۔تم دونوں ماہی سے بات کرو اور آج اسے یہاں آنے کے لیے مناؤ۔"ابیر اور اذہان نے اپنے بابا کی بات سن کر اپنی آنکھیں اذیت سے بند کر لیں۔۔

"بابا، آپ نور کو گھر کیوں نہیں بلا لیتے؟آپ کو پتہ ہے کہ اس کے پاس اپنی فیملی ہوتے ہوئے بھی وہ اکیلی زندگی گزار رہی ہے!"ابیر نے غصے سے آصف خان سے کہا۔

ماہ نور کو صرف اس کے بابا ہی ماہی کہتے تھے بچپن سے ہی۔۔ابیر اور اذہان دونوں ہی ماہ نور کو پیار سے نور بولتے تھے۔۔

"میں اسے معاف بھی کرنا چاہوں، تب بھی مجھے ماہی کو دیکھ کر سب کچھ پھر سے یاد آجاتا ہے اور میری نفرت جاگ جاتی ہے۔" آصف خان نے بے بسی سے کہا۔۔

"بابا، اس میں نور کا کیا قصور تھا؟ وہ تو کچھ جانتی بھی نہیں تھی۔ بابا، آپ نے ہمیشہ اسے تکلیف ہی دی ہے!" ابیر نے غصے سے چیخ کر کہا اور اپنا ناشتہ چھوڑ کر غصے سے ڈائننگ روم سے چلا گیا۔۔ اذہان خان نے اذیت سے اپنی آنکھیں بند کر لیں۔

"بابا، میں نور کو بھی مناؤں گا اور ابیر کو بھی سمجھاؤں گا۔" اذہان نے کہا اور ڈائننگ ٹیبل سے اٹھ گیا۔۔

اذہان، جو اپنی عمر سے پہلے ہی تمام ذمہ داریاں نبھانے لگا تھا، ابیر کے بالکل برعکس تھا۔ ابیر، جو گھر کا چھوٹا بیٹا تھا، سنتا تو سب کی باتیں تھا، لیکن صرف اپنی مرضی کے مطابق عمل کرتا تھا۔۔

اذہان تمام ذمہ داریاں نبھاتا تھا، جبکہ ابیر ان سے دور رہنا پسند کرتا تھا۔ اذہان اپنے دوستوں کے ساتھ گھومنا پھیرنا اور اپنی زندگی کو اچھی طرح جینا چاہتا تھا۔۔

ناولز کلب
Clubb of Quality Content

اس کا کہنا تھا کہ "زندگی ایک بار ملتی ہے، اس لیے جو مرضی چاہیے وہ کرو۔ ورنہ یہ زندگی بھر پچھتاؤ گے۔"

ابیر کے چہکنے کی آواز ڈائننگ روم سے باہر بھی گئی، جہاں کچھ نوکر کام کر رہے تھے۔

"بی بی جی نے ایسا کیا کیا تھا کہ ان کا باپ ان سے نفرت کرتا ہے؟" ایک نئے نوکر نے دوسرے نوکر سے پوچھا۔۔

"بی بی جی کی وجہ سے روح نور بیگم کا انتقال ہوا تھا، تب سے آصف خان ماہ نور بی بی سے نفرت کرتے ہیں۔"

"مطلب آپنی امی کی قاتل ہیں ماہ نور بی بی؟"

"تم سب اپنے کام پر دھیان دیا کرو اور اگر دوبارہ کسی کے منہ سے میری بہن کے لیے 'قاتل' کا لفظ سنا تو تمہیں بولنے کے قابل نہیں چھوڑوں گا!" اذہان جو ڈائننگ روم سے باہر آ رہا تھا، نوکروں کی بات پر غصے میں آگیا اور چیخ کر کہا۔۔ تمام نوکروں نے خوف سے اپنے سر جھکا لیے۔۔ اذہان غصے میں بول کر اپنے کمرے کی طرف چلا گیا۔۔۔

♡♡♡♡♡♡♡♡

novelsclubb@gmail
www.novelsclubb.com
IG: @novelsclubb

شاہ مینشن میں سب لوگ ڈائننگ روم میں ڈائننگ ٹیبل پر موجود تھے۔۔عمران شاہ سربراہی کرسی پر بیٹھے تھے۔۔

اِن کے دائیں طرف فاطمہ بیگم بائیں طرف ارشن۔۔ارشن اپنا ناشتہ کر رہا تھا۔۔

"تمہارا بزنس کیسا چل رہا ہے؟"عمران شاہ نے ارشن کو ناشتہ کرتے دیکھ کر پوچھا۔۔

"اچھا۔"ارشن نے مختصر جواب دیا۔۔

"کل تمہارے چاچو اور اِن کی بیٹی آ رہی ہیں تو اِن کو پک کرنے چلے جانا۔۔"

"بابا میں مصروف ہوں کل،آپ کیسے ڈرائیور کو بھیج دیں۔۔"

"وہ کیا کہیں گے کہ انہیں ایک ڈرائیور لینے آیا ہے۔"

"آگر آپ کہیں تو پوری بارات بھیج دیتا ہوں انہیں لینے کے لیے۔۔"ارشن نے طنزیہ کہا جس پر فاطمہ بیگم نے اسے گھور کر دیکھا۔۔عمران شاہ تو بس اِس کو دیکھ کر رہ گئے۔۔

Clubb of Quality Content

"اوکے امی، میرا ناشتہ ہو گیا ہے، میں آفس کے لئے نکلتا ہوں۔" ارشن بول کر ڈائننگ ٹیبل سے اُٹھ کھڑا ہوا۔۔

"ویسے بابا ایک مشورہ دوں۔" تو فاطمہ بیگم اور عمران شاہ نے اس کے طرف دیکھا۔۔

"ہم دو۔" عمران شاہ نے پوچھا۔۔

"آپ اور امی چلے جائیں چاچو کو لینے۔۔"

"بابا، کیسا مشورہ ہے؟۔۔" ارشن نے ایک آئی برو اچکا کر عمران شاہ سے پوچھا۔۔

"بابا مت بولو تم مجھے۔۔"

"اوکے انکل میں آفس جا رہا ہوں۔۔" ارشن مسکرا کر کہتا ڈائینگ رُوم سے نکل گیا۔۔

ارشن کے جانے کے بعد عمران شاہ نے فاطمہ کو دیکھا تو فاطمہ بیگم نے آپنے کندھے اچکا دیے۔۔

"دونوں ماں بیٹے ایک جیسے ہیں۔۔" عمران شاہ نے دھیرے سے بڑبڑا کر کہا تھا۔۔

"آپ نے کچھ کہا؟" فاطمہ بیگم نے عمران شاہ کو بڑبڑاتا دیکھ کر پوچھا۔۔

"نہیں تو۔۔"

پھر یہ لوگ ناشتہ میں مصروف ہو گئے۔۔

♡♡♡♡♡♡♡♡♡

ماہ نور ابھی شاور لے کر آئی تھی اور آب آپنے رُوم سے نکل کر ڈائننگ رُوم میں آئی۔۔

"تم آج اکیلی اکیلی ہی ناشتہ کر رہی ہو، میرا انتظار بھی نہیں کیا۔۔" ماہ نور نے سارہ کو اکیلے ناشتہ کرتی دیکھ کر سارہ سے کہا۔۔

ماہ نور اور سارہ دونوں ہی ساتھ میں اِس گھر میں رہتی تھی سارہ کے فیملی نہیں تھی اور وہ بہت سالوں سے ماہ نور کے ساتھ رہتی تھی۔۔ سارہ کے لیے ماہ نور ہی اس کے فیملی تھی۔۔ سارہ کے فیملی کے انتقال کے بعد سارہ ماہ نور سے ملے تھی۔۔ دونوں ہی ایک دوسری کو بہت اچھے سے جانتے تھے۔۔ ماہ نور اور سارہ دونوں ہی ایک دوسری کو آپنی بیسٹ فرینڈ مطلب اپنا سکون مانتے تھی اگر کسے کا بھی موڈ خراب ہے تو دوسری کو کیسے بھی کر کے اُس کا موڈ ٹھیک کرنا ہے۔۔

"تم آج آفس جاؤں گی۔۔" سارہ نے اِس کو ریڈی دیکھ کر کہا۔۔

"کیوں نہیں جاؤں گی میں آفس؟"

"مجھے لگا کہ آج تمہاری امی کی برسی ہے تو تم آج آپنی بابا کے گھر جاؤ گی۔۔"

"نہیں میں وہاں نہیں جاؤں گی۔۔"ماہ نور سارہ کو بولتی ہوئی ڈائننگ ٹیبل کے کرسی پر بیٹھ گئی تو ایک نوکر نے ماہ نور کی سامنے پلیٹ رکھی۔۔

"میں خود ہی نکل لوں گی۔۔"ماہ نور کی کہنے پر نوکر چلا گیا۔۔

ماہ نور نے وائٹ رنگ کا کرتے جو گھٹنا تک آتی تھی وائٹ پلازو اور ٹھنڈ ہونی کی وجہ سے لونگ کوٹ پہنے ہوئی تھی۔۔دودھیا رنگ کا چہرہ میک آپ سے پاک تھا براؤن ریشمی بال جو کمر تک آتے تھے تھوڑے سے کلچر سے بندھے ہوئے تھے اور کچھ لٹیں اس کی چہرے پر آرہی تھی وہ نورمل ڈریس میں بھی حسین لگ رہی تھی۔۔سارہ نے بلیو رنگ کا شوٹ کرتے جو گھٹنا تک آتی تھی وائٹ سفید پلازو اور ٹھنڈ کی وجہ سے لونگ کوٹ بھی پہن رکھا تھا۔اس نے اپنے کندھے تک آنے والے بالوں کا جوڑا بنایا ہوا تھا،اس کا بھی گورا چہرہ میک اپ سے پاک تھا۔۔

"میں آج آفس دیر سے آؤں گی کیونکہ میں قبرستان امی کی قبر پر جاؤں گی اور پھر آفس آؤں گی۔ ساتھ ہی آشرم جاؤں گی، وہاں کچھ ڈونیٹ کر کے پھر آفس آؤں گی۔"

"اوکے، میں بارہ بجے تک کی میٹنگ کو کینسل کر دیتی ہوں۔"

"تم قبرستان پر ساتھ نہیں چلو گی؟"

"نہیں، تم جب آجاؤ، تب میں چلی جاؤں گی آنٹی کی قبر پر۔" پھر دونوں نے ناشتہ کیا اور اپنی اپنی گاڑی میں بیٹھ کر اپنے اپنے راستے چل دیں۔۔

♡♡♡♡♡♡♡♡♡

ماہ نور ابھی قبرستان کے باہر کھڑی تھی۔۔ وہ پہلے آشرم چلی گی تھی۔۔اس نے دوپٹہ سر پر رکھا اور اندر چلی گئی۔۔ وہ جب اپنی امی کی قبر سے دو تین قبریں پیچھے تھی تو اس نے دیکھا کہ اس کے بابا وہاں بیٹھے ہوئے ہیں، تو وہ ایک پیڑ کے پیچھے چھپ گئی۔۔

وہ پھر سے آپنی بابا سے نہیں ملنا چاہتے تھی کیوں کہ وہ لوگ جب بھی ملتے تھے تو ان لوگوں میں لڑائی ضرور ہوتا تھا اور آج اس کو کسے سے بھی لڑانے کا دل نہیں تھا۔۔اب ماہ نور آپنے

بابا کے جانے کا انتظار کر رہی تھی۔۔تب ہی اس کے بابا نے اسو صاف کیا اور اُٹھے پھر باہر کے طرف آپنے قدم بڑھائی۔۔

اب ماہ نور اپنے بابا کے جانے کے بعد اپنی امی کی قبر پر آکر بیٹھی۔۔۔

"امی، آپ کو پتہ ہے؟ مجھے کل سی ای او آف دی ایئر کا ایوارڈ ملا ہے، کاش کہ آپ زندہ ہوتیں اور مجھے ایوارڈ لیتے دیکھتیں۔" ماہ نور کی آنکھوں سے آنسو گر کر اس کے ہاتھ پر ٹھہر گئے۔۔

♡♡♡♡♡♡♡♡♡

آصف خان آپنی گاڑی کے پاس آئے اور آپنی جیب کو

ٹٹولا تو انہیں آپنی گاڑی کی چابیاں نہیں ملیں۔۔

انہیں یاد آیا کہ وہ قبر کے پاس رکھے تھے اور آتے وقت نہیں لائے، تو وہ دوبارہ اندر چلے گئے۔۔

♡♡♡♡♡♡♡♡♡

"سارہ بھی آپ کو بہت یاد کرتی ہے۔ہم سب آپ کو یاد کرتے ہیں،ہم سب کو آپ کی ضرورت ہے"،وہ بول رہی تھی اوراس کی آنکھوں سے بار بار آنسو گرر ہے تھے۔"بابااور بھائیوں کو آپ کی ضرورت ہے۔"

"کاش کہ اُس دن میں مر جاتی اور آپ زندہ ہوتیں۔"

ماہ نور کی بات سن کر آصف خان کی آنکھوں سے آنسو گرنے لگے اور دل جیسے کرچی کرچی ہو گیا۔۔۔

ماہ نور رو رہی تھی،ہاں،وہ رو رہی تھی۔۔وہ جو سب کے سامنے مسکراتی تھی،کوئی بھی اسے دیکھ کر نہیں کہہ سکتا تھا کہ اس کی زندگی میں اتنا غم ہے۔۔

آصف خان نے اسے بچپن کے بعد پہلی بار اب روتے دیکھا تھا۔۔آصف خان نے اپنے قدم ماہ نور کی طرف بڑھائے اور اس کے کندھے پر ہاتھ رکھا۔۔۔

ماہ نور نے اپنے دائیں کندھے پر کسی کا ہاتھ محسوس کیا تو اپنے آنسو صاف کیے اور دائیں طرف دیکھا تو آصف خان کو دیکھ کر حیران ہوئی پر اُس نے حیرانگی کے تصورات کو جلدی ہی ہٹا دیا اور کھڑی ہوئی۔۔

Clubb of Quality Content

"ماہی۔۔"آصف خان نے اسے اس کے نام سے پکارا۔۔

مگر ماہ نور ایک سیکنڈ بھی وہاں نہ رکی اور قبرستان کے گیٹ کی طرف چلی گئی۔آصف خان ماہ نور کو جاتے دیکھتے رہ گئے۔۔

♡♡♡♡♡♡♡♡

ماہ نور اپنی گاڑی میں ڈرائیونگ سیٹ پر بیٹھ کر گاڑی اسٹارٹ کر کے زن سے نکل گئی۔۔وہ ابھی زیادہ دور نہیں گئی تھی کہ اس کا فون رنگ کیا۔۔

"کیا تمہیں آنے میں اور دیر ہے؟"اس نے کال پک کی تو سارہ کی آواز آئی۔۔

"نہیں،بس دس منٹ میں آرہی ہوں۔"ماہ نور نے جواب دیا۔۔

"تم ٹھیک ہو؟"سارہ نے اس کی روئی روئی سی آواز سن کر پوچھا۔۔

"ہمم۔"ماہ نور نے مختصر جواب دیا۔۔

"اوکے،پہلے گاڑی کی سپیڈ کم کرو۔۔"سارہ نے کہا۔۔۔

ماہ نور نے سارہ کے بات پر موبائل کو دیکھا کہ اسے کیسے پتہ چلا کہ وہ گاڑی سپیڈ میں چلا رہی ہے۔۔

"تمہیں کیسے پتہ چلا کہ میں گاڑی سپیڈ میں چلا رہی ہوں؟"ماہ نور نے گاڑی کی سپیڈ کم کرتے ہوئے پوچھا۔۔

"تمہیں میں اچھی طرح سے جانتی ہوں،ماہ نور خان۔۔"سارہ کی بات پر ماہ نور مسکرا دی۔۔

"اچھا،اب میری کال رکھنے کے بعد گاڑی پھر سے سپیڈ مت کرنا۔۔"سارہ نے کہا۔۔۔

"چلو،ٹھیک ہے۔۔اب کال بند کرو۔۔ماہ نور نے ہنستے ہوئے جواب دیا۔۔

♡♡♡♡♡♡♡♡♡

"میرے بچوں کا خیال رکھنا آصف۔۔"آصف خان کے کان میں روح نور کی آواز گونجی تو اس نے ضبط سے اپنی آنکھوں کو بند کر کے کھولا۔

"مجھے معاف کردو روح،میں نے اپنا وعدہ پورا نہیں کیا۔۔"آصف خان نے روح کی قبر کو دیکھ کر کہا اور اپنی گاڑی کی چابیاں لے کر قبرستان سے باہر نکل گیا۔۔

♡♡♡♡♡♡♡♡♡

جیسے ہی ارشن آفس میں داخل ہوا، سب نے اسے 'گڈ مارننگ' کہا تو وہ سب کو جواب دیتا ہوا بائیں طرف چل دیا۔

"کیا یہ ارشن عمران شاہ ہیں؟ میرا مطلب، ہمارے باس؟" ایک نئی انٹرن نے اپنے پاس کھڑی لڑکی سے پوچھا۔۔۔

"ہاں،" لڑکی نے جواب دیا۔۔

"لگتا ہے کافی اٹیٹیوڈ والے ہیں۔"

"اٹیٹیوڈ کیوں نہ ہو، خود کی محنت سے یہاں تک آئے ہیں۔"

"ہاں، یہ بھی بات ہے۔"

♡♡♡♡♡♡♡♡♡

ماہ نور ابھی ایک میٹنگ سے واپس آئی تھی اور اپنے آفس کا دروازہ کھول کر اندر آئی تو سارہ کو صوفے پر بیٹھا دیکھ کر اس کے پاس گئی۔۔

"تم آدھی میٹنگ چھوڑ کر واپس کیوں آگئی؟" ماہ نور اب صوفے پر بیٹھ گئی۔۔

novelsclubb@gmail
www.novelsclubb.com
IG: @novelsclubb

"ایک ضروری کام یاد آگیا تھا۔۔"سارہ نے ماہ نور کی بات سن کر جواب دیا۔۔

"اچھا۔"ماہ نور نے اسے گہری نظروں سے دیکھا۔۔

"یار، سچ میں ضروری کام تھا۔"سارہ نے ماہ نور کی ذاتی نظروں کو خود پر محسوس کر کی کہا۔۔

"اوکے، مان لیتی ہوں۔"

پھر ان دونوں کے درمیان ایسی ہی باتیں چلتی رہیں۔

"سارہ، میرا موبائل دو۔"ماہ نور کے کہنے پر سارہ نے اسے اس کا موبائل دے دیا۔۔

ماہ نور جب بھی میٹنگ میں جاتی تھی تو اپنا موبائل سارہ کو دے دیا کرتی تھی۔۔ماہ نور نے موبائل کھولا تو اسکرین پر انسٹا گرام سے فالو اور لائک یور پوسٹ کے بہت سارے میسجز آئے ہوئے تھے۔۔

اس نے نوٹیفکیشن پر ٹیپ کیا تو وہ انسٹا گرام پر آگئی، جہاں اس کے نام سے ایک اکاؤنٹ کھلا ہوا تھا جس پر دو ہزار سے زیادہ فالوورز تھے اور دو اس کی پک پوسٹ تھیں۔۔

"سارہ، یہ تم نے کیا کیا؟"ماہ نور نے غصے سے سارہ کو دیکھ کر کہا۔۔

"کچھ نہیں، کل رات کو میں نے بہت سے کمنٹس پڑھے تھے، سب تمہارے اکاؤنٹ کا پوچھ رہے تھے، تو بس میں نے ایک اکاؤنٹ بنایا اور کچھ پک تمہاری پوسٹ کر دیں۔"

"سارہ، میں تمہیں نہیں چھوڑوں گی!" ماہ نور اب سارہ کی طرف بڑھی۔۔

"دیکھو، میں نے کچھ غلط نہیں کیا ہے۔" سارہ بول کر اس کے آفس سے نو دو گیارہ ہو گئی۔۔

ماہ نور نے اپنی پوسٹیں دیکھیں، پھر کمنٹس دیکھنے لگی۔۔ایک کمنٹ پڑھ کر وہ مسکرا دی۔۔

"میری بہن ہے ہی ٹیلنٹڈ، مبارک ہو سکسیس فل بیوٹی کوئین" اور بریکٹ میں لکھا تھا "#چڑیل"۔۔ماہ نور نے کمنٹ کا ریپلائی دیا۔۔

"تھینک یو ابیر" اور بریکٹ میں لکھا "#بندر"۔۔

♡♡♡♡♡♡♡♡

ارشن ایک میٹنگ ختم کر کے اپنے آفس میں آیا۔۔

"اگلی میٹنگ کا سب کچھ سیٹ ہے نا؟"

"جی بوس، پر ایک پرابلم ہو گئی ہے۔" برہان کہتا ہے۔۔

"کیا؟"

"جس سے میٹنگ تھی،اُن لوگوں کو آنے میں دیر ہو جائے گی۔"

"پر میٹنگ تو دس منٹ میں ہے۔"ارشن بول کر اپنی کرسی پر بیٹھا۔۔

"کینسل کر دو،پر اُن لوگوں کو نہیں بتانا۔"

"اوکے،پر سر کیا نہیں بتانا ہے؟"

"جب وہ لوگ یہاں آجائیں،تب بتانا کہ میٹنگ کینسل ہو گیا ہے،ویسے ان لوگوں کو وقت کی قدر کا پتہ چلے۔"

♡♡♡♡♡♡♡♡

"نور کہاں ہے؟"ابیر ابھی آیا تھا اور سارہ کو دیکھ کر ماہ نور کے بارے میں پوچھا۔

"وہ اپنے آفس میں ہے۔"

"فری ہے نا؟میں جا سکتا ہوں اس کے آفس میں؟"

"ہاں،کیوں نہیں۔"سارہ نے مسکرا کر کہا تو ابیر بھی مسکرا دیا۔۔

"مبارک ہو، چڑیل!" ابیر اس کے آفس کا دروازہ کھول کر بولا۔

"تم یہاں؟" ماہ نور نے ابیر کو دیکھ کر کہا اور اس کے گلے لگ گئی۔۔

ابیر تیئیس سال کا تھا، چھ فٹ کا قد، باڈی بلڈر وجود، گورا رنگ، آنکھوں کا رنگ براؤن، بلیک بال جو سلیقے سے سیٹ کیے گئے تھے، آتشی لب اور مونچھیں۔ اس نے بلیک رنگ کی ٹی شرٹ، پینٹ اور لونگ کوٹ پہنا ہوا تھا۔ وہ نورمل کپڑوں میں بھی بہت ہینڈسم لگ رہا تھا۔۔

"میں نے تمہیں بہت مس کیا۔" ابیر نے کہا۔۔

"میں نے بھی۔" وہ دونوں گلے ملے ہوئے تھے۔۔

"کیا مجھے مس نہیں کیا تم نے؟" گیٹ پر سے ایک مردانہ آواز آئی تو دونوں نے گیٹ کی طرف دیکھا۔

"بھائی، آپ یہاں؟" ابیر نے اذہان کو یہاں دیکھ کر کہا۔۔

اذہان نے بلیک شرٹ، وائٹ پینٹ اور کوٹ پہنا ہوا تھا۔۔ اذہان اٹھائیس سال کا تھا اور وائٹ پینٹ کوٹ میں بہت ہینڈسم لگ رہا تھا۔۔ اوپر سے چھ فٹ سے نکلتا قد، باڈی بلڈر وجود، گورا رنگ، بلیک بال جو سلیقے سے سیٹ کیے گئے تھے، آتشی لب، داڑھی اور آنکھوں کا رنگ کالا

Clubb of Quality Content

اسے اور بھی ہینڈ سم بنا رہا تھا۔۔اس کی آنکھوں کا رنگ آصف خان پر گیا تھا، پر ماہ نور اور ابیر کی آنکھوں کا رنگ روح نور پر گیا تھا۔۔

"کیوں، صرف تم ہی نور کو مبارکباد دینے اس کے آفس آ سکتے ہو؟" اذہان ایک ایک لفظ کہتا ان دونوں کے پاس آ گیا۔۔

"نہیں، آپ بھی آ سکتے ہیں۔"

"آپ کب آئے یہاں؟" ماہ نور نے اذہان سے سوال کیا۔۔اذہان چھ مہینے کے لیے بزنس ٹرپ پر گیا ہوا تھا اور کل ہی واپس آیا تھا۔۔

"کل رات کو۔" اذہان نے کہا اور اپنے ہاتھ کھول کر اسے پاس بلایا تو ماہ نور اپنے بھائی کے گلے لگ گئی۔۔

"مبارک ہو، ایسے ہی کامیاب ہوتی رہو۔"

اب تینوں صوفے پر بیٹھے ایک دوسرے سے باتیں کر رہے تھے۔۔ تبھی سارہ ان لوگوں کے لیے چائے لے کر آئی اور ٹیبل پر رکھی، ساتھ میں کچھ ناشتہ بھی تھا۔اذہان نے جب سارہ کو دیکھا تو اس سے نظریں ہٹانا بھول گیا۔۔

"نور، کون ہے یہ؟"سارہ نے جانی کے لئے قدم بڑھائے ہی تھے کہ اذہان کی آواز پر رک گئی۔۔

"سارہ احمد، یہ میری پرسنل سیکرٹری ہے اور ساتھ میں میری اچھی دوست بھی ہے۔۔"

"سارہ، یہ اذہان آصف خان، میرا بڑا بھائی۔۔"

"اسلام و علیکم۔"

"و علیکم اسلام۔"سارہ نے سلام کیا تو اذہان نے اس کے سلام کا جواب دیا۔۔

"میں جارہی ہوں، کچھ ضرورت ہو تو بولنا۔"

"کیوں؟ یہاں بیٹھو۔"ماہ نور نے سارہ کو کہا۔۔۔

"نہیں، مجھے کام ہے۔"سارہ نے اذہان کی نظروں کو محسوس کرتے ہوئے وہاں سے نکلنے کی کوشش کی۔۔

"نور، تم گھر نہیں آرہی ہو آج؟"اذہان نے سارہ کے جانے کے بعد خود کو کمپوز کرتے ہوئے ماہ نور سے پوچھا۔۔

"نہیں۔"ماہ نور نے مختصر جواب دیا۔۔

"نور، تھوڑی دیر کے لیے ہی آجاؤ۔۔سب کے لیے نہیں تو میرے اور ابیر کے لیے ایک بار گھر آجاؤ۔"

"بھائی۔"ماہ نور ابھی کچھ بولتی کے ابیر نے روکا

"بھائی جب اس نے ایک بار منع کر دیا تو کیوں فورس کر رہے ہیں؟"ابھی ماہ نور کچھ کہتی کہ ابیر نے اپنا چائے کا کپ ٹیبل پر رکھ کر غصے بھرے لہجے میں کہا۔۔

"میں آجاؤں گی۔"ماہ نور نے ابیر کو غصے میں دیکھ کر کہا۔۔

"تمہیں اگر نہیں آنا تو مت آؤ۔"اذہان نے ماہ نور کو دیکھ کر کہا۔۔

"نہیں،ایسی بات نہیں ہے،میں آجاؤں گی۔"

پھر تینوں کے درمیان ایسی ہی نارمل باتیں ہوتی رہیں، پھر وہ دونوں چلے گئے۔۔

♡♡♡♡♡♡♡♡♡

ارشن اپنے آفس میں چیئر کی پشت سے ٹیک لگائے اپنی آنکھیں بند کیے ہوئے تھا۔۔اسے بار بار ماہ نور کی ایک جھلک اپنی آنکھوں کے سامنے آتی محسوس ہو رہی تھی۔۔

"ارشن، تمہاری طبیعت تو ٹھیک ہے؟" برہان ابھی ارشن کے آفس میں آیا تو اسے چیئر کی پشت سے ٹیک لگائے آنکھیں بند کیے دیکھ کر پوچھا۔۔

"ہاں، ٹھیک ہوں۔" ارشن نے آنکھیں کھول کر چیئر کی پشت سے ٹیک ہٹائی اور کہا۔۔

"کافی یہ چاہیے؟"

"ہاں، بنا دو۔"

تو برہان کافی مشین کے پاس چلا گیا۔۔

"تم سے ایک بات پوچھ سکتا ہوں؟"

"ایک نہیں، سو پوچھو۔" ارشن ابھی کچھ بولتا کہ برہان نے اسے روک دیا۔۔

"ایک منٹ! تم مجھ سے کچھ پوچھنے کے لیے اجازت مانگ رہے ہو؟ سچ میں تمہاری طبیعت خراب ہے، ہے نا؟"

"جاؤ، دفع ہو جاؤ، نہیں پوچھنا کچھ بھی۔" ارشن نے غصے سے کہا۔۔

"اچھا، سوری، پوچھو کیا پوچھنا ہے۔۔" برہان نے کافی میکر میں کافی اور پانی ڈال کر اب ارشن کے پاس آ کر چیئر پر بیٹھ گیا۔۔

"ماہ نور کے بابا، ماہ نور سے نفرت کیوں کرتے ہیں؟"

"میں نے سنا ہے کہ ماہ نور کی وجہ سے اس کی امی کا انتقال ہو گیا، اور اس کے بابا اپنی بیوی سے بہت محبت کرتے تھے۔ تب سے آصف خان ماہ نور سے نفرت کرتے ہیں۔ ماہ نور نے جب تک ہوش نہیں سنبھالا تھا تب تک ہی وہ اپنے بابا کے گھر رہی، اور جہاں بھی ہے خود کے بل بوتے پر ہے۔ اس نے اپنے بابا سے کوئی مدد نہیں لی۔۔"

"اُووہ!"

"پر آپ کیوں پوچھ رہے ہیں؟"

"کچھ نہیں، ایسے ہی پوچھ لیا۔"

"کچھ تو گڑبڑ ہے!" برہان نے ارشن کو شک بھری نظروں سے دیکھا۔۔

"برہان، جاؤ جا کر کام کرو، میرا باپ نہ بنو۔" ارشن نے غصے سے گھور کر کہا۔۔

"کوئی بات نہیں، میں پتہ لگا لوں گا۔"

"پرسنل سیکرٹری موڈ آن، اوکے بوس، جا رہا ہوں کام کرنے۔" برہان بول کر دروازے کی طرف چلا گیا جبکہ ارشن اس کے حرکت پر مسکرا دیا۔۔اس کے مسکرانے پر پھر سے اسے ڈمپل ہوا۔۔

♡♡♡♡♡♡♡♡♡

سارہ اور ماہ نور دونوں بیٹھی ہوئی تھیں۔۔

"تم میرے ساتھ بابا کے گھر چلو گی؟"

"نہیں، مجھے کام ہے۔" سارہ نے منع کیا۔۔

"کیوں؟ رات کو ڈیٹ پر جانا ہے؟"

"ہاں، جانا ہے نہ!"

"کس کے ساتھ؟"

ناولز کلب
Clubb of Quality Content

"اندھے، گونگے، بہرے کے ساتھ!"

"سب ایک ہی انسان ہے یا الگ الگ ہیں؟"

"ایک!" ماہ نور اس کی بات پر مسکرائی۔۔

"جب وہ تمہیں دیکھے گا ہی نہیں، سنے گا ہی نہیں، تو کیسے بتائے گا کہ تم اسے اچھی لگیں؟"

"اُف، وہ تو گونگا بھی ہے، وہ تو بول بھی نہیں سکے گا!"

ماہ نور اپنی ہی بات پر قہقہہ لگا کر ہنس دی، تو سارہ بھی اسے ہنستا دیکھ کر مسکرا دی۔۔

♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡

ماہ نور ابھی خان مینشن آئی تھی اور اسے دیکھ کر سب نوکر حیران رہ گئے۔۔ وہ مینشن میں داخل ہوتے ہی سیدھا ابیر کے کمرے میں چلی گئی۔۔

وہاں وہ ابیر کی پینٹنگ دیکھ رہی تھی۔۔ ابیر کو پینٹنگ بنانے کا بہت شوق تھا اور وہ پینٹنگ کی دنیا میں مشہور بھی ہونا چاہتا تھا، اور اس کے لیے کوششیں بھی کر رہا تھا۔۔

novelsclubb@gmail
www.novelsclubb.com
IG: @novelsclubb

ابیر ابھی ڈریسنگ روم سے باہر آیا تو ماہ نور کو اپنے کمرے میں دیکھ کر دبے قدم اس کے پیچھے آیا اور سر پر ہلکی سی چپت لگائی۔۔ماہ نور غصے سے پیچھے مڑی۔۔

"ابیر، تم اپنی حرکتوں سے باز نہیں آؤ گے!" اذہان کہتا ہوا کمرے میں داخل ہوا۔۔

ابھی وہ کچھ کہنے ہی والی تھی کہ دروازے سے ایک بھاری مردانہ آواز سنائی دی، اور دونوں نے چونک کر اس طرف دیکھا۔۔

"بھائی، میں باز ہوں جو باز آ جاؤں گا!" ابیر نے مذاق میں جواب دیا۔ دونوں بھائیوں نے سفید پنجابی کُرتے پہنے ہوئے تھے اور بہت ہینڈسم لگ رہے تھے۔۔دوسری طرف ماہ نور نے ابھی بھی صبح والا لباس ہی پہن رکھا تھا۔۔۔

"تم تیار ہو گئے؟" اذہان نے ابیر سے پوچھا۔۔

"ہاں۔" ابیر نے ایک لفظی جواب دیا۔۔

"تو چلو، باہر سب لوگ آ چکے ہیں۔۔"

"ہاں، چلے۔" ابیر اور اذہان نے کمرے سے باہر نکلنے کے لیے قدم بڑھائے، لیکن دونوں نے ماہ نور کو وہیں کھڑا دیکھ کر پیچھے مڑ کر پوچھا۔۔

"تم ہمارے ساتھ نہیں چلو گی؟"

"نہیں۔" ماہ نور نے مختصر جواب دیا۔۔

♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡

باہر لان میں تمام مہمانوں کا انتظام کیا گیا تھا۔۔ آصف خان مہمانوں سے مل رہے تھے۔۔ زیادہ تر لوگ روح نور کی باتیں کر رہے تھے، جبکہ کچھ لوگ ماہ نور کے بارے میں پوچھ رہے تھے۔۔

تبھی سب کی نظریں لان کے گیٹ پر گئیں، جہاں ابیر اور اذہان ساتھ ساتھ آ رہے تھے۔۔ ان کو دیکھ کر کئی لوگوں نے "ماشاءاللہ" کہا، کیونکہ دونوں بھائی بہت خوبصورت لگ رہے تھے۔۔

گیٹ پر آ کر دونوں رک گئے اور ایک دوسرے سے کچھ فاصلے پر کھڑے ہو گئے۔۔ تبھی بیچ میں سے ماہ نور آتی نظر آئی، جسے دیکھ کر سب حیران رہ گئے۔۔۔

ماہ نور کے دونوں جانب ایک طرف ابیر اور دوسری طرف اذہان تھے۔۔ آصف خان بھی ماہ نور کو دیکھ کر حیران تھے، کیونکہ انہیں لگا تھا کہ اذہان بھی اسے نہیں منا سکے گا۔۔ آصف خان

نے ماہ نور کو کتنے سالوں بعد یوں سامنے دیکھا تھا۔۔وہ بالکل اپنی ماں، روح نور کی کاپی لگ رہی تھی۔۔آج قبر پر بھی آصف خان نے اسے ٹھیک سے نہیں دیکھا تھا، کیونکہ وہ پیچھے کھڑے تھے۔۔

سب لوگ ماہ نور سے خلوص سے ملے، مگر پیٹھ پیچھے اس کی برائیاں بھی کرتے رہے۔۔ماہ نور سب کی باتیں سن کر نظرانداز کر رہی تھی، کیونکہ وہ کوئی تماشا نہیں چاہتی تھی، ورنہ اسے لوگوں کو جواب دینا بھی آتا تھا۔۔

ماہ نور وہاں سے گزر رہی تھی کہ اس نے ایک عورت کو کہتے سنا۔۔

"ہاں، اسی لڑکی کی وجہ سے تو روح نور کی موت ہوئی تھی۔۔"ماہ نور نے اس بات کو نظرانداز کیا اور آگے بڑھ گئی۔۔

"ماہ نور بیٹا، کیسی ہو؟"ماہ نور آگے بڑھ ہی رہی تھی کہ وہی عورت جو ابھی اسے 'لڑکی' کہہ رہی تھی، اب 'ماہ نور بیٹا' کہہ رہی تھی۔۔ماہ نور نے مسکرا کر پیچھے مڑ کر کہا، "اگر آپ لوگ مجھے سکون سے جینے دیں گے تو اچھی ہی رہوں گی۔۔"

"کیا مطلب؟"اس عورت نے حیرانی سے پوچھا۔۔

"مجھے ایسے لوگ بالکل پسند نہیں جو پیٹھ پیچھے میری برائی کریں اور سامنے آکر میٹھے بنیں۔۔"

یہ کہہ کر ماہ نور وہاں سے چلی گئی اور وہ عورت اسے غصے سے دیکھتی رہ گئی۔۔

♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡

شاہ مینشن میں سب لوگ ڈنر کر رہے تھے۔۔ عمران خان نے اپنا ڈنر ختم کر کے ارشن کو دیکھا۔۔

"ارشن، تمہارا بزنس تو اچھا چل رہا ہے۔ شادی کا بھی کچھ سوچا ہے تم نے؟" عمران شاہ نے ارشن کا ڈنر ختم ہوتے دیکھ کر اس سے پوچھا۔۔

"بابا، میں ابھی شادی نہیں کرنا چاہتا ہوں۔۔" ارشن نے فاطمہ بیگم اور عمران شاہ کو دیکھتے ہوئے جواب دیا۔۔ "ارشن، میں جب بھی تم سے شادی کی بات کرتا ہوں تم یہی بات کہہ کر انکار کر دیتے ہو، لیکن اب نہیں۔۔ تم خود ہی کوئی لڑکی دیکھ لو، ورنہ میں خود ہی تمہارے لئے کوئی لڑکی دیکھ لوں گا۔" عمران شاہ نے دبے دبے غصے میں کہا اور ڈائننگ روم سے نکل گئے۔۔

"بابا، آپ ایسا کچھ نہیں کریں گے۔" ارشن نے انہیں جاتے ہوئے دیکھ کر کہا۔۔

"امی، آپ بابا سے بات کریں۔" ارشن نے اپنی ماں سے مدد مانگی۔۔

"میں بات کروں گی، لیکن تمہارے بابا بھی غلط نہیں کہہ رہے۔" ارشن نے اپنی ماں کی بات سنی اور ڈائننگ روم سے باہر چلا گیا۔۔

اپنے کمرے میں جانے کے بجائے وہ باہر گیا اور گاڑی میں بیٹھ کر گاڑی اسٹارٹ کر دی۔۔

♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡

اب تمام مہمان جا چکے تھے اور رات کے گیارہ بج رہے تھے۔۔ ابیر نے ماہ نور کو روکا ہوا تھا۔۔ اس نے کہا تھا کہ وہ اسے ڈراپ کرے گا، اس لیے ماہ نور حال میں تھی۔ تبھی اس کے بابا بھی ہال میں آئے۔۔

"تم یہاں آئیں، اس کے لیے بہت شکریہ۔"

"شکریہ کی ضرورت نہیں ہے، مسٹر آصف خان۔۔"

"ویسے مجھے امید تھی کہ تم آج اپنا بر تھ ڈے مناؤ گی۔۔" آصف خان نے طنز کیا۔۔

"آپ مجھے ابھی تک اچھی طرح نہیں جانتے، آصف خان۔۔""" آج میں صرف ایک ہی چیز مانتے ہوں، اور وہ ہے غم۔"

"قاتل بھی گم مانتے ہیں۔"آصف خان نے طنز کیا۔۔

جب کے ماہ نور تو آصف خان کے بات پر خاموش ہو گئی تھی۔۔

"میری بہن قاتل نہیں ہے!"اذہان جو ابھی حال سے گزر رہا تھا،اپنے والد اور ماہ نور کی بات سنتے ہوئے وہاں آگیا اور آصف خان کی بات پر غصے سے بولا۔۔

"تمہاری بہن کی وجہ سے تم دونوں کی ماں تمہارے پاس نہیں ہیں۔"آصف خان نے ابیر اور اذہان دونوں کو دیکھ کر غصے سے کہا تھا۔۔

"میری ماں کی قسمت میں جتنا جینا لکھا تھا،وہ جی چکی تھیں۔"اب ابیر بھی حال میں آگیا اور اس نے ان کی بات سن کر کہا۔۔

"بابا آپ کیوں نہیں سمجھتے کہ اس میں نور کی کوئی غلطی نہیں ہے۔"ماہ نور نے اپنے والد کی بات پر اپنی آنکھوں میں آئے آنسو کو گرنے سے روکا۔۔

وہ اب ان لوگوں کی کوئی بات نہیں سننا چاہتی تھی،اس لیے وہ حال سے نکل گئی۔۔اپنے ہاتھ کی پشت سے اپنے چہرے پر آئے ہوئے آنسو کو صاف کرتی ہوئی وہ مینشن سے باہر چلی گئی۔۔

novelsclubb@gmail
www.novelsclubb.com
IG: @novelsclubb

"بابا..."آصف خان کا بی پی ہائی ہو گیا تھا اور وہ صوفے پر گرنے کے انداز میں بیٹھ گئے تو اذہان اور ابیر جلدی سے ان کی طرف لپکے۔۔

"ابیر تم جا کر نور کو دیکھو، میں یہاں ہوں۔"اذہان نے کہا تو ابیر جلدی سے باہر کی طرف دوڑا۔۔

"نور کہاں گئی؟؟"ابیر باہر آیا تو نور کی گاڑی کو نہ دیکھ کر ایک گارڈ سے پوچھا۔۔

"بی بی جی تو گاڑی لے کر تیز رفتاری سے نکل گئیں۔۔"

"یار نور!"ابیر اپنے بالوں میں ہاتھ پھیرتے ہوئے بولا۔۔

"اس لڑکی کو خاندانی دولت کے ساتھ ساتھ خاندانی غصہ بھی وراثت میں ملا ہے۔۔"یہ کہہ کر ابیر نے گاڑی اسٹارٹ کی اور مینشن سے باہر نکل گیا۔۔اب اسے ماہ نور کو ڈھونڈنا تھا۔۔

♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡

ارشن سمندر کے کنارے بیٹھا ہوا تھا۔۔وہ کبھی سوچوں میں گم ہو جاتا اور کبھی چھوٹا سا کنکر اٹھا کر سمندر میں پھینکتا۔۔کافی دیر تک وہ یہی حرکت انجام دے کر اپنے غصے پر قابو پانے کی کوشش کرتا رہا۔۔جب اس کا موڈ کچھ بہتر ہوا تو وہ اٹھ کھڑا ہوا۔۔

♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡

"نور تم کہاں ہو؟؟ میں نے ہر جگہ تمہیں ڈھونڈا، لیکن تم کہیں بھی نہیں مل رہیں۔۔اب سمجھ نہیں آرہا کہ تمہیں کہاں تلاش کروں۔۔"ابیر نے ماہ نور کو ہر اس جگہ جاکر دیکھا جہاں وہ عام طور پر جایا کرتی تھی، مگر وہ کہیں بھی نظر نہیں آئی۔۔

وہ مسلسل ماہ نور کے نمبر پر کال کر رہا تھا، لیکن ہر بار یہی سننے کو ملتا۔۔

'آپکے دورہ ڈائل کیا گیا نمبر ابھی سوئچ آف ہے کرپیا کچھ دیر بعد ڈائل کریں۔' یہ سن سن کر اس کا غصہ بڑھتا جا رہا تھا، لیکن وہ خود کو قابو میں رکھنے کی کوشش کر رہا تھا۔

"اب صرف ایک جگہ بچی ہے، اگر وہاں بھی تم نہ ملیں، تو میں بابا کو کبھی معاف نہیں کروں گا۔" یہ کہتے ہوئے اس نے گاڑی کا رخ ماہ نور کے گھر کی طرف موڑ دیا۔۔

♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡

ماہ نور بھی سمندر کے کنارے بیٹھی ہوئی تھی۔۔ کبھی وہ چاند کو دیکھتی تو کبھی سمندر کو۔۔ سمندر کے پانی میں چاند کا عکس بہت خوبصورت نظر آرہا تھا۔۔

جب بھی وہ پریشان ہوتی، تو وہ اسی جگہ آجایا کرتی تھی اور آج بھی وہ یہاں موجود تھی۔۔

"امی، آپ جانتی ہیں، اگر خودکشی حرام نہ ہوتی تو شاید میں اب تک اس دنیا میں نہ ہوتی۔" ماہ نور سمندر کو دیکھ کر کہتی ہے۔۔

وہ کافی دیر تک وہیں بیٹھی رہی، پھر اٹھ کر آہستہ آہستہ چلنے لگی۔ وہ ابھی تھوڑا ہی آگے بڑھی تھی کہ ایک لڑکے سے جا ٹکرائی۔۔

"اندھے ہو کیا؟-دیکھ کر نہیں چل سکتے؟" ماہ نور نے غصے سے کہا۔۔

"سوری،" لڑکے نے معافی مانگی اور چلا گیا۔ ماہ نور نے بھی آگے قدم بڑھایا۔۔

اس نے اپنا موبائل نکالا تو دیکھا کہ اس کی بیٹری صرف پانچ فیصد رہ گئی تھی۔۔

"ابھی ہی ہونا تھا!" ماہ نور غصے سے کہتے ہوئے اس نے ایروپلین موڈ بند کر کے دوبارہ آن کیا تو ابیر کی کالیں نظر آئیں۔۔ موبائل دیکھتے ہوئے وہ کسی سے ٹکرا گئی اور اس کا موبائل زمین پر گر گیا۔۔

"کیا آج سب نے اپنی آنکھیں کرائے پر دے رکھی ہیں؟ جسے دیکھو، مجھ سے ہی ٹکرا رہا ہے!" ماہ نور نے غصے سے کہا اور اپنا موبائل اٹھا کر سامنے دیکھا تو ایک ہینڈسم نوجوان اس کے سامنے کھڑا تھا۔۔

ارشن بھی اپنے موبائل میں مصروف تھا۔۔ جس کے باعث وہ بھی ٹکرایا اور اس کا موبائل بھی نیچے گر گیا۔۔ ارشن نے بھی اپنا موبائل اٹھایا اور سامنے دیکھا تو ماہ نور کو دیکھ کر حیران رہ گیا۔۔ ارشن پہلی بار ماہ نور کو اتنے قریب سے دیکھ رہا تھا اور اس کی ہر ایک ناقوس کو دھیان سے دیکھ رہا تھا۔۔

"اندھے کے ساتھ گونگے بھی ہو گیا؟" ماہ نور نے اس کی نظروں کو خود پر محسوس کرتے ہوئے غصے سے کہا۔۔

"کیا کہا آپ نے؟" ارشن نے خود کو سنبھالتے ہوئے پوچھا۔۔ "اندھے ہو گیا؟ دیکھ کر نہیں چل سکتے؟" ماہ نور نے غصے سے کہا۔۔

"میں اندھا نہیں ہوں، بلکہ آپ مجھ سے ٹکرائی ہو۔۔" "دیکھو، میرا موڈ ویسے ہی خراب ہے، مجھ سے الجھو مت۔"

"لٹل گرل، مجھے بھی کوئی شوق نہیں ہے تم سے الجھنے کا۔"

"اوہ ہیلو! تم نے کس کو لٹل گرل کہا؟" ماہ نور یہ سن کر شدید غصے میں آ گئی۔

"یہاں اور کوئی ہے کیا لٹل گرل؟" ارشن نے آپنے ایک آئی بروا چکا کر کہا۔۔

ماہ نور یہ سن کر شدید غصے میں آ گئی۔۔

"دیکھو!"اس نے کہا۔۔

"دیکھ ہی تو رہا ہوں۔۔"ارشن نے جواب دیا۔۔

"تم چلو بھر پانی میں ڈوب مرو!"ماہ نور نے غصے سے کہا اور اس کے جواب کا انتظار کیے بغیر آگے بڑھ گئی۔۔

"میں چلو بھر پانی میں تو ڈوب کر مرنے والا نہیں ہوں۔۔"ارشن نے پیچھے سے کہا۔۔

ارشن نے ماہ نور کو جاتا دیکھ کر اپنا موبائل آن کیا تو والپیپر پر ماہ نور کی فوٹو دیکھ کر اِس نے پیچھے دیکھا۔۔

"او ہیلو رو کو۔۔"ارشن کے آواز پر ماہ نور رو کئے۔۔

"اب کیا ہے۔۔"ماہ نور نے غصے سے کہا۔۔

"یہ موبائل.....۔۔"ارشن ماہ نور کا موبائل لیے کر اِس تک آیا۔۔

Clubb of Quality Content

"تم سب لڑکے نہ ایک جسے ہوتے ہو خُوبصورت لڑکی دیکھی نہیں کے نمبر مگنے آجاتے ہو۔۔"ماہ نور نے ارشن کے ہاتھ میں موبائل دیکھ کر کہا۔۔

"پر یہ موبائل تو آپ کا...."

"تمہارے موبائل کے ایسے کے تیسے۔۔"ماہ نور کہتے ارشن سے موبائل لے کر نیچے زور سے پٹختے ہے موبائل جیسے ہی گرتا ہے تب فون رنگ کرتا ہے۔۔

یہاں پر بالو ہونے کے وجہ سے موبائل کو کچھ نہیں ہوا تھا۔۔ماہ نور آپنے رنگ ٹون کے آواز سُن کر آپنے کوٹ سے موبائل نکلتی ہے تو وہ موبائل پر تو کسی کا بھی کال نہیں تھا تب ہی آن کرتی ہے تو وہ اِس کا موبائل نہیں ہوتا ہے۔۔

وہ سامنے موبائل کو دیکھتی ہے جو زمین پر گرا ہوا تھا پھر ارشن کو۔۔تو ارشن اِس کو مسکرا کر دیکھتا ہے وہ اپنا موبائل اٹھا کر ارشن کو دیکھتے ہے تو وہ ابھی بھی مسکرا ہی رہا تھا اِس کو مسکراتا دیکھ کر ماہ نور کا دل کیا! اِس کے ساری ڈانٹ توڑ دی!۔۔

"سنے مس سب لڑکا ایک جیسا نہیں ہوتا ہے۔۔"ارشن مسکرا کر کہا ہے تو اس کا ڈمپل نمایاں ہوا۔۔

تب ہی ماہ نور کا سر گھومنے لگا،اور وہ گرنے والی تھی کہ ارشن نے اسے کمر سے تھام لیا اور گرنے سے بچا لیا۔۔ماہ نور کا سر اس کے سینے پر تھا اور وہ بے ہوش ہو چکی تھی۔۔

"لٹل گرل۔۔"ارشن نے اس کے گال پر ہاتھ رکھ کر تھپتھپایا، لیکن وہ بے ہوش ہی رہی۔۔

ارشن نے جلدی سے اسے اٹھایا اور اپنی گاڑی کی طرف آپنے قدم بڑھائے۔۔

گاڑی کے پاس آکر پیچھے کا دروازہ کھلا اور گاڑی میں ماہ نور کو دھیان سے بیٹھا کر پانی کی بوتل سے تھوڑا پانی لیے کر اس کے چہرے پر چھینٹے مارے لیکن اس پر بھی ماہ نور ہوش میں نہ آئی۔۔وہ اسے گاڑی میں لٹا کر خود ڈرائیونگ سیٹ پر بیٹھا اور ہسپتال کی طرف گاڑی دوڑا دی۔۔

♡♡♡♡♡♡♡♡♡

ابیر ماہ نور کے گھر کے باہر پہنچا اور گھنٹی بجا دی۔۔سارہ جو اپنے کمرے میں سو رہی تھی۔۔گھنٹی کی آواز سے اٹھ گئی اور گھڑی کی طرف دیکھا تو رات کے چار بج رہے تھے۔۔

"اس وقت کون آیا ہو گا؟"سارہ خود سے کہتی ہوئی بستر سے اٹھی اور گیٹ کے پاس جا کر دروازے کے دور بین سے دیکھا تو ابیر کو اس وقت باہر کھڑا دیکھ کر حیران رہ گئی۔۔

Clubb of Quality Content

"تم اس وقت یہاں کیا کر رہے ہو؟" سارہ نے دروازہ کھول کر پوچھا۔ "نور گھر آئی ہے یا نہیں؟" ابیر نے پریشانی سے سارہ سے پوچھا۔۔

"پتہ نہیں، میں سو گئی تھی۔ اس کے پاس گھر کی چابیاں تھیں، شاید وہ آ گئی ہو۔"

"تم ایک بار اس کے کمرے میں دیکھو۔"

"تم اندر آؤ، میں دیکھتی ہوں۔" سارہ نے ابیر کو اندر آنے کا کہا۔۔

"نہیں، تم جلدی سے دیکھ کر بتا دو۔" اس نے کہا۔۔

"وہ کمرے میں نہیں ہے، کیا کچھ ہوا ہے؟" سارہ ماہ نور کے کمرے میں گئی اور واپس آ کر ابیر کو بتایا۔۔

"ہاں، بابا سے اس کی لڑائی ہو گئی تھی۔۔ میں نے اسے سب جگہ دیکھ لیا ہے، مگر وہ کہیں نہیں ملی۔" ابیر نے کہا۔۔

"تم نے سمندر والے جگہ پر دیکھا؟" سارہ نے ماہ نور کے معمول کو یاد کرتے ہوئے پوچھا۔۔

"نہیں، میں تو بھول ہی گیا تھا، تھینک یو!"

"ٹھیک ہے، گیٹ بند کر دو، میں وہاں جا رہا ہوں۔" ابیر کہتا ہے۔۔

"کیا میں تمہارے ساتھ چلوں؟" سارہ نے ساتھ چلنے کی پیشکش کی۔۔

"نہیں، اگر مجھے وہ مل گئی، تو تمہیں اطلاع دے دوں گا۔" یہ کہہ کر ابیر اپنی گاڑی کی طرف بڑھ گیا اور سارہ نے گیٹ بند کر دیا۔۔۔

♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡

"وہ کیسی ہے؟" ارشن نے ڈاکٹر سے پوچھا۔۔ جو ابھی ماہ نور کے کمرے سے باہر نکل رہی تھی۔۔

ناولز کلب
Clubb of Quality Content

"ابھی تو ٹھیک ہے۔" ڈاکٹر نے جواب دیا۔۔

"اس کو کیا ہو گیا تھا؟ وہ بے ہوش کیوں ہو گئی تھی؟" ارشن نے پریشانی سے پوچھا۔۔

"اس نے کسی بات کا بہت زیادہ اسٹریس لیا تھا، جس کی وجہ سے وہ بے ہوش ہو گئی تھی۔۔ شاید وہ اسٹریس کی دوائیں بھی لیتی رہی ہیں۔۔

آپ کوشش کریں کہ اسے دوبارہ کسی بھی بات کا اسٹریس نہ لینے دیں اور اسٹریس کی گولیوں سے بھی دور رکھیں۔۔یہ اس کی صحت کے لئے ٹھیک نہیں ہیں۔۔"ڈاکٹر نے ساری باتیں ارشن کو بتا دیا۔۔

"اسے کب تک ہوش آجائے گا؟"

"بس تھوڑی دیر میں۔۔"ڈاکٹر نے کہا۔۔

"شکریہ۔"ارشن نے مسکرا کر کہا۔۔

"مائی پلیزر۔۔"ڈاکٹر بھی مسکرا کر کہتی اور پھر چلی گئی۔۔۔

ارشن نے اپنے ہاتھ میں ماہ نور کا کوٹ اور اس کا پرس دیکھا۔۔اس نے موبائل تلاش کرنے کے لئے اس کے کوٹ کی جیب میں ہاتھ ڈالا تو اسے ماہ نور کے موبائل کے ساتھ اپنا موبائل بھی مل گیا۔۔

ارشن نے موبائل آن کرنے کے لئے بٹن دبایا تو وہ آن نہ ہوا، جس کا مطلب تھا کہ موبائل سوئچ آف ہو چکا تھا۔۔اس نے موبائل واپس اس کے کوٹ میں رکھا اور باہر قدم

بڑھائے۔۔گاڑی سے اپنے موبائل کا چارجر لے آیا،کیونکہ ماہ نور کا موبائل بھی آئی فون تھا۔۔اس نے چارجر میں موبائل لگایا اور آن ہونے کا انتظار کیا۔۔

آئی فون چارج ہوتے ہی کچھ دیر بعد آن ہو گیا۔۔جونہی آن ہوا ابیر، سارہ اور اذہان کے کالز اور پیغامات کے نوٹیفکیشنز آنے لگے۔۔

♡♡♡♡♡♡♡♡♡

دوسری طرف جب ابیر سمندر کے کنارے پہنچا تو اس نے ماہ نور کو وہاں بھی ہر جگہ ڈھونڈا مگر وہ اسے وہاں بھی نہ ملی۔۔اس نے دوبارہ ماہ نور کو کال کی،اور اس بار کال کنیکٹ ہو گئی۔۔

"نور، تم کہاں ہو؟؟ میں تمہیں کب سے ڈھونڈ رہا ہوں لیکن تم مجھے کہیں بھی نہیں مل رہی!!"ابیر نے ایک ہی سانس میں کئی سوالات کر ڈالے۔۔

"ماہ نور ہاسپٹل میں ہے۔۔"ارشن نے جواب دیا۔۔

"کیا؟ ہاسپٹل؟ نور کو کیا ہوا؟"ابیر نے فوراً پوچھا اور کال پر بات کرتے ہی باہر نکل آیا۔۔

"وہ بے ہوش ہو گئی تھی۔"ارشن نے بتایا۔۔

"کون سے ہاسپٹل میں ہے؟"ابیر نے گاڑی میں بیٹھتے ہوئے ہسپتال کا نام پوچھا۔۔

ارشن نے اسے ہسپتال کا نام بتایا تو ابیر نے فوراً گاڑی اسٹارٹ کر دی۔۔

"تم کون ہو؟" ابیر نے سوال کیا۔۔

"ارشن عمران شاہ۔۔" ارشن نے اپنا نام بتایا۔۔ جسے سن کر ابیر حیران ہوا۔۔

"وہ ہوش میں آئی یا نہیں؟" ابیر نے پوچھا۔۔

"سب کچھ کال پر ہی پوچھو گے کیا؟ ہسپتال آجاؤ۔" یہ کہہ کر ارشن نے کال کاٹ دی۔۔

ماہ نور کا پتہ چلنے کے بعد ابیر کو تھوڑا سکون تو ملا مگر وہ اب بھی پریشان تھا۔۔ وہ جلد از جلد ہسپتال پہنچنے کی کوشش کر رہا تھا۔۔۔ اتنے میں اس کا فون بجا اس نے دیکھا کہ اذہان بھائی کا کال تھا۔۔

"نور مل گئی؟" کال اٹھاتے ہی اذہان کی آواز آئی۔۔

"بابا اب کیسے ہیں؟" ابیر نے پوچھا۔۔

"ٹھیک ہیں، نور کا بتاؤ؟"

"ہاں، وہ مل گئی۔ وہ ہسپتال میں ہے اور میں ابھی وہاں جا رہا ہوں۔"

"کیا؟نور کو کیا ہوا؟"اذہان نے پریشانی سے پوچھا۔۔

"وہ بے ہوش ہوگئی تھی۔"

"کیسے ؟کیا اب وہ ٹھیک ہے ؟"اذہان بھی آپنے گاڑی کے چابیاں لیے کر کال پر بات کرتے ہی مینشن سے باہر قدم بڑھائے۔۔

"وہ تو جا کر ہی پتہ چلے گا۔"

"تم جلدی پہنچو، میں بھی آرہاہوں۔"اذہان نے کہااور کال بند کر دیااور آپنے گاڑی کا دروازہ کھول کر ڈرائیونگ سیٹ پر بیٹھااور گاڑی سٹارٹ کر دیا۔

♡♡♡♡♡♡♡♡♡

جب ابیر ہاسپٹل پہنچاتواس نے ارشن کو وہاں دیکھ کر مزید حیرانی محسوس کی کیونکہ اس نے سوچاتھاکہ یہ کوئی اور ہوگا۔۔ایک ہی نام کے توکئی لوگ ہو سکتے ہیں۔۔ابیر اور ارشن ماہ نور کی حالت پر بات کر رہے تھے اور ڈاکٹر نے کیا کہا تھا، تبھی ایک نرس آئی۔۔

"سر، ماہ نور خان کو ہوش آگیا ہے۔"نرس نے ارشن سے کہااور چلی گئی۔۔

"تم نہیں چلو گے اس کے پاس؟"ابیر نے پوچھا۔۔

"نہیں۔۔"ارشن نے جواب دیا۔۔

ابیر ماہ نور کے کمرے میں چلا گیا اور بیڈ کے پاس رکھی کرسی پر بیٹھ گیا۔۔۔ماہ نور نے روم میں کسی کی موجودگی محسوس کرتی ہوئی آنکھیں کھولیں اور ابیر کو اپنے پاس بیٹھا دیکھا۔۔

"کیسی ہو اب؟"ابیر نے پوچھا۔۔

"ٹھیک ہوں،"ماہ نور نے چھت کی طرف دیکھتے ہوئے جواب دیا۔۔

"سوری، میں تمہیں سب سے محفوظ رکھتا ہوں، مگر جو تمہیں سب سے زیادہ تکلیف دیتے ہیں۔۔ان سے نہیں بچا پا رہا۔۔"ابیر نے کہا۔۔۔

"ابیر، تمہیں پتہ ہے، چاہے میں کتنی بھی دولت اور نام کما لوں، پھر بھی لوگ مجھے کس نام سے جانتے ہیں؟ میری ماں کی قاتل۔۔"ماہ نور کی آواز میں دکھ تھا۔۔دروازے پر کھڑا ارشن، جو ماہ نور کا سامان دینے آیا تھا، یہ سن کر اذیت سے آنکھیں بند کر گیا۔۔

"ابیر، میں نے تو کچھ بھی نہیں کیا، پھر بھی میرے ساتھ ایسا کیوں؟"ماہ نور ابھی بھی چھت کو ہی دیکھ رہی تھی، جب کہ ابیر کی آنکھوں سے ایک آنسو کا قطرہ گر گیا۔۔

ارشن نے نرس کو آتے دیکھا تو اسے ماہ نور کا سامان دیا۔۔"یہ سامان اندر جو لوگ ہیں ان کا ہے، انہیں دے دیں۔۔"ارشن نے کہا۔۔نرس نے مسکراتے ہوئے ارشن کو دیکھا اور گیٹ پر دستک دی۔۔اندر سے آنے کی اجازت ملتے ہی نرس اندر گئی۔

"یہ سامان باہر جو سر تھے، انہوں نے دیا ہے آپ کو دینے کے لیے۔۔"نرس نے کہا۔۔ابیر نے نرس سے سامان لے لیا۔۔

"کیا وہ چلے گئے؟"ابیر نے نرس سے پوچھا۔۔

"ہاں، شاید۔"

"ٹھیک ہے، آپ جا سکتی ہیں۔۔"ابیر نے کہا تو نرس چلی گئی۔۔

"مجھے یہاں کون لے کر آیا تھا؟"ماہ نور نے سوال کیا۔۔

"تمہیں نہیں پتہ؟؟"

"نہیں۔۔"ماہ نور نے ابیر کو دیکھ کر کہا۔۔

"ارشن عمران شاہ۔۔"

novelsclubb@gmail
www.novelsclubb.com
IG: @novelsclubb

"کون ہے ارشن عمران شاہ؟"ماہ نور نے حیرانی سے پوچھا۔۔

"What nonsense!"

ابیر ماہ نور کی بات پر حیران ہوا کہ وہ ارشن عمران شاہ کو نہیں جانتی۔۔

"ارشن عمران شاہ، نمبر ون بزنس مین، شاہ انڈسٹری کا سی ای او، اپنے خاندان کا اکلوتا بیٹا۔۔ ان کے والد ایک میڈل کلاس فیملی سے تعلق رکھتے ہیں اور انہوں نے اپنی محنت سے یہ مقام حاصل کیا ہے۔"ابیر ارشن کے بارے میں بتا رہا تھا کہ اچانک دروازہ کھلا۔۔دونوں نے دروازے کی طرف دیکھا۔۔

"تم کیسی ہو؟اور تم بے ہوش کیوں ہو گئی تھیں؟"اذہان نے دروازہ بند کرتے ہوئے پریشانی سے پوچھا۔۔

"میں ٹھیک ہوں۔۔"ماہ نور نے جواب دیا۔۔

"بھائی، آپ لوگ بات کریں، میں ذرا باہر سے آتا ہوں۔"ابیر کہتا ہوا کرسی سے اٹھا اور باہر چلا گیا۔۔اذہان نے اس کی جگہ لے لی۔۔

ناولز کلب
Clubb of Quality Content

"ہم تمہیں ڈھونڈ نہیں پارہے تھے اور ہم بہت پریشان ہو گئے تھے۔۔اتنی رات کو اکیلے جانا محفوظ نہیں ہوتا۔۔اچھا ہوا کہ ارشن تمہیں ہاسپٹل لے آیا۔"اذہان نے ماہ نور سے کہا۔۔

تھوڑی دیر بعد ابیر واپس آیا اور اپنے بھائی کے پاس دوسری کرسی پر بیٹھ گیا۔۔

"تمہیں پتہ ہے نہ، ہم تم سے کتنی محبت کرتے ہیں؟ تم ہم دونوں بھائیوں کی جان ہو۔اگر تمہیں کچھ ہو جاتا تو ہم جیتے جی مر جاتے۔"اذہان نے جذباتی انداز میں کہا۔۔

"بھائی، ایسا مت بولیں۔"ماہ نور نے اس کے ہاتھ پر اپنا ہاتھ رکھا۔۔

"نور، یہ زندگی ہماری ماں نے اپنی جان کی قربانی دے کر تمہیں دی ہے۔۔ہمارے والدہ کے جانے کے بعد تم ہی ہمارا سب کچھ ہو۔۔تمہاری اہمیت ہمارے لئے انمول ہے، جسے اگر کھو دیں تو سمجھو سب کچھ کھو دیا۔"ابیر نے جذبات سے کہا۔۔

"آپ دونوں ہی کی وجہ سے میں زندہ ہوں، ورنہ شاید میں اس دنیا میں نہ ہوتی۔۔اور میں جو اتنی مضبوط ہوں، وہ بھی آپ دونوں کی وجہ سے ہوں۔ جس دن آپ دونوں نے میرا ہاتھ چھوڑ دیا، اُس دن میں مر جاؤں گی۔"ماہ نور کی بات پر ابیر اور اذہان نے اسے گلے لگا لیا۔۔

"ایسا دن کبھی نہیں آئے گا۔۔"دونوں بھائیوں نے ایک ساتھ کہا۔۔

♡♡♡♡♡♡♡♡♡

ارشن ابھی شاہ مینشن میں آیا تھا اور وہ اپنے روم میں جا رہا تھا۔۔۔

"تم پوری رات کہاں تھے؟" فاطمہ بیگم جو حال میں بیٹھی ہوئی تھی، ارشن کو لانچ سے جاتا دیکھ کر پوچھتی ہیں۔۔

"میں اپنے فلیٹ میں تھا۔۔" ارشن کہتا ہے۔۔۔

"میں امی کے پاس ہال میں آ گیا۔۔"

"تم سے تمہارے بابا نے شادی کے بارے میں بات کی تھی، تو تم رات بھر گھر نہیں آئے۔۔ اگر انہوں نے تمہارے لیے کوئی لڑکی پسند کر لی، تو کیا کروں گی؟" فاطمہ بیگم نے ارشن سے کہا۔۔

"پتہ نہیں، وہ تو وقت آنے پر پتہ چلے گا۔۔" ارشن جواب دیتا ہے۔۔

"تم جا کر آرام کر لو، 7:30 صبح ہو گئے ہیں، آفس بھی جانا ہے۔۔" فاطمہ بیگم کہتی ہیں۔ پھر ارشن اپنے روم میں چلا جاتا ہے۔۔

♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡

سارہ بھی ابھی ہسپتال آئی تھی۔۔وہ دونوں ایک دوسری سے بات کررہی تھیں۔۔

"نور،ڈاکٹر نے کہا ہے کہ تم اسٹریس کی گولیاں لیتی ہو؟؟"ابیر نے ماہ نور سے پوچھا۔۔

توسارہ اوراذہان دونوں نے ماہ نور کو حیرت سے دیکھا۔۔

"مجھے گھر جانا ہے۔۔"ماہ نور نے ابیر کی بات کا جواب نہیں دیا۔

"نور،وعدہ کرو کہ تم دوبارہ اسٹریس کی گولیاں نہیں لوگی؟"اذہان اس کے پاس آکر کہتا ہے۔۔

"میں ایسے وعدے نہیں کرتی جو مجھ سے ٹوٹ جائیں۔۔"ماہ نور نے جواب دیا۔۔

"ڈاکٹر ابھی تمہیں چیک کرنے آئی گی،اس کے بعد چلے جانا۔۔"ابیر نے کہا۔۔

توسارہ اوراذہان دونوں نے ماہ نور سے اس بات پر کچھ نہیں کہا کیونکہ ماہ نور کا موڈ خراب تھا اوراس بات پراس کا موڈاور خراب ہو گیا تھا۔۔

♡♡♡♡♡♡♡♡♡

